وطن اور وطن سے دور بسنے والوں کی حقیقی اور مؤثر آواز
www.dailywatanvoice.com
Email:watanvoicedigital@gmail.com Cell:+923175526830
روزنامہ
Daily WATAN VOICE Digital
وطن وائس
ایڈیٹر: ارسلان معروف
چیف ایڈیٹر: چوہدری معروف حسین
جلد نمبر: 1 | پیر 12 اکتوبر 2026ء 29 ربیع الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 348

سعودی عرب الریاض ایئرپورٹ پر حوثیوں کا حملہ 12 افراد جاں بحق 309 زخمی

حملے میں زخمی ہونیوالے افراد کو طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل، 4 سعودی اور 2 بنگلادیشی، امریکا، اردن، مصر، شام، فلسطین اور سوڈان کا 1-1 شہری جاں بحق

ایئرپورٹ کی 750 میں سے 446 پروازیں منسوخ، گھناؤنا فعل، بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی اور علاقائی امن وسلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہے، پاکستان

شہریوں کی جانوں کو لاحق خطرات پر تشویش کا اظہار، سعودی اپنا دفاع کرنیکی اچھی صلاحیت رکھتے ہیں، ریاض ایئرپورٹ پر حملہ افسوسناک ہے، امریکی صدر ٹرمپ

الریاض/اسلام آباد/واشنگٹن (صباح نیوز) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے سنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر یمنی حوثیوں کے حملے میں 12 افراد جاں بحق اور 309 زخمی ہوگئے۔ عرب میڈیا کے مطابق شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملے میں زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، جاں بحق افراد میں 4 سعودی اور 2 بنگلادیشی شہری شامل ہیں، حملے میں امریکا، اردن، مصر، شام، فلسطین اور سوڈان کا ایک ایک شہری جاں بحق ہوا، دوسری جانب امریکا نے اپنے شہریوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ جانے سے گریز کریں۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق حملے اس قدر شدید تھا کہ ریاض میں ہوائی اڈے سے پروازوں کو عارضی طور پر معطل کردیا گیا ہے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق شاہ خالد ایئرپورٹ ریاض اور سوڈان کا ایک ایک شہری جاں بحق ہوا، دوسری جانب امریکا نے اپنے شہریوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ جانے سے گریز کریں۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق حملے اس قدر شدید تھا کہ ریاض میں ہوائی اڈے سے پروازوں کو عارضی طور پر معطل کردیا گیا ہے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق شاہ خالد ایئرپورٹ ریاض کے 18 گھنٹے کے لیے مکمل بند کردیا گیا ہے۔ ریاض ایئرپورٹ کی پروازوں کو دبئی، دمام اور مدینہ اتار لیا گیا۔ ریاض ایئرپورٹ کی 750 میں سے 446 پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں۔ دنیا کے متاثر ترین ایئرپورٹس میں ریاض پہلے نمبر پر ہے جہاں 170 منٹ کی تاخیر ہوئی ہے، ریاض کی پروازوں میں مقامی طور پر 5 کسی صورت قابل قبول نہیں، ایسے پرتشدد اقدامات علاقائی امن و استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی کرنے والے حملے فوری بند کیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1) نے کہا کہ دوغلوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں، شہریوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا افسوسناک ہے، ریاض ایئرپورٹ پر حملہ افسوسناک ہے، امریکی صدر ٹرمپ

خیبر پختونخوا میں گورنر راج ایمرجنسی نافذ فوج تعینات

آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت خیبر پختونخوا میں فوج کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری، شہریوں کے جان و مال، سرکاری تنصیبات کی سیکیورٹی فوج کے ذمے ہوگی، تعیناتی ایمرجنسی کی مدت تک ہوگی، گورنر جی ایچ کیو کیساتھ مشاورت سے نفری کا تعین کریں گے

پاکستان کی سیاسی قیادت اور عسکری قیادت نے دن رات مل کر کام کیا، خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردوں کے خلاف وفاق کا ساتھ دینے کو تیار نہیں، پولیس اور سی ٹی ڈی کو مضبوط کرنے کیلئے صوبہ کو 800 ارب دیئے جا رہے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف

عوام اشتعال انگیزی اور فساد سے دور رہیں، قانون ہاتھ میں لینے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، خیبر پختونخوا میں امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے خواہاں ہیں، سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ ہر دہشت گردوں کے خلاف آخری دم تک لڑینگے، گورنر خیبر پختونخوا

اسلام آباد (نیوز ایکسچینج) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعظم شہباز شریف کی سفارش پر خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کرنے کی سمری پر دستخط کردیے، صدر مملکت کے دستخط کے بعد خیبر پختونخوا میں 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی نافذ ہوگئی ہے۔ وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد ایمرجنسی لگانے کی منظوری دی، جس پر وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مملکت آصف علی زرداری کو خیبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا کے چیدہ چیدہ اضلاع میں امن و امان کے قیام، عوام کے تحفظ، بہتر گورننس اور ترقیاتی عمل کو تیز کرنے کے لیے ایریا ڈیولپمنٹ سکیورٹی یونٹ (ADS) فوری طور پر قائم کرنے کا حکم جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو مسترد کردیا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ وفاق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

کوٹلی میں اراضی تنازعہ پر پلمبر کے رہائشی اعجاز اور ذوالقرنین قتل

پولیس کی تفتیش شروع، واقعہ وجوہات تحقیقات مکمل ہونے پر متوقع

مقتول اعجاز اور ذوالقرنین کی لاشیں پوسٹ مارٹم کیلئے ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل

کوٹلی (نمائندہ خصوصی) آزاد کشمیر کے ضلع کوٹلی میں زمین کے تنازعے کے نتیجے میں باپ بیٹا جاں بحق ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والوں کی شناخت اعجاز اور ذوالقرنین کے نام سے ہوئی ہے، جن کا تعلق پلندر، کوٹلی سے بتایا جاتا ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق زمین کا تنازعہ اس افسوس ناک واقعے کا سبب بنا، تاہم واقعے کی اصل وجوہات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ مسترد کرتے ہیں، فضل الرحمان

وفاقی حکومت کا عمل جمہوریت اور عوام کے حق پر شب خون، سہ براہ بے یو آئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو مسترد کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ وفاق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج مسائل کا حل نہیں، حافظ نعیم الرحمان

فارم 47 کے ذریعے ملک پر مسلط کردہ موجودہ نظام پوری طرح سے فلاپ ہو چکا

جمہوریت دشمن اقدام قرار دیا ہے۔ ایکس (X) پر اپنے ایک اہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کی شدید الفاظ میں مخالفت کرتے ہوئے اسے خیبر آئینی اور

قانون ہاتھ میں لینے والوں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی، گورنر کے پی

سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ دہشتگردوں کے خلاف لڑیں گے، فیصل کنڈی

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا نے ایمرجنسی کے بعد صوبے کے عوام کے نام پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام صدارتی اقدام کا خیر مقدم کرتے ہیں، عوام کسی بھی قسم کی قانون شکنی، اشتعال انگیزی اور دنگے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پختونخوا کے کئی اضلاع میں "ایریا ڈیولپمنٹ سیکیورٹی یونٹ" قائم کرنیکا فیصلہ

ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، لکی مروت، بنوں، باجوڑ، مہمند، خیبر، کرم، اورکزئی شامل

کشمیر ہاؤس کی آمدن انتظامی امور میں بہتری کیلئے ہائر ٹیکنالوجی کرایوں کا جائزہ

ہاؤس کے سپرنٹنڈنٹ کو الاٹ شدہ رہائشی ڈاکٹر توصیف سے خالی کرانے، سب انجینئر عبدالقدوس کو اصل جائے تعیناتی پر حاضری کا حکم

اجلاس میں افسران کی رہائش گاہوں کے کرایوں، کمروں کے کرایوں اور کھانے کے بقایاجات کی وصولی یقینی بنانے کا فیصلہ کیا گیا

انتظامی امور، آمدن، مرمتی، ملازمین کی تعیناتی اور کرایوں کا جائزہ، ریسٹ ہاؤس کی بکنگ مقررہ پالیسی کے مطابق کرنے کی ہدایت دیے۔ ہاؤس کے کیئر ٹیکر صداقت عباسی کو محکمہ سرمہ میں ان کی اصل جائے تعیناتی پر واپس بھیجنے، کشمیر ہاؤس کے سپرنٹنڈنٹ کو الاٹ شدہ رہائش ڈاکٹر توصیف سے خالی کرانے اور سب انجینئر عبدالقدوس کو اپنی اصل جائے تعیناتی پر حاضر ہونے کا حکم جاری کیا گیا۔ سب انجینئر کی گاڑو بردکرنے اور ان پر جواب طلبی کی ہدایت کی گئی ہے۔ جموں وکشمیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

کھیلوں کا تعلیمی، ثقافتی، سماجی اور تجارتی تعاون کی نئی راہیں ہموار ہونگی، فاروق طارق

سپورٹس مین سپرٹ سے نوجوان ملکی ترقی خوشحالی اور روشن مستقبل کیلئے بھرپور کردار ادا کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں

میر پور خوبصورت شہر اور مہمان نواز لوگوں کی سرزمین ہے، کھیلوں کے مواقع اور ضروری فراہم کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے

تعلیم کیساتھ کھیلوں کا فروغ نوجوان نسل کو مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جاسکتا ہے، پیپلز پارٹی اور ن لیگ کا تاریخ گورنر راجوں اور میثاق جمہوریت کو ختم کرنے کے خلاف ووٹ دینے کا مطالبہ

میر پور (بیورو رپورٹ) آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر چوہدری فاروق فاروق نے کہا ہے کہ کھیلوں کے ساتھ ساتھ کھیلوں کے فروغ کے ذریعے نہ صرف نوجوان نسل کو مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جاسکتا ہے بلکہ مختلف علاقوں کے لوگوں کے درمیان محبت، بھائی چارے اور باہمی روابط کو بھی ساتھ ساتھ فروغ دے کر مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔ اور نوجوانوں کو مستقبل کی ذمہ داریوں اور آبادی کے خلاف ووٹ دینے کا مطالبہ کردیا

ماں جیسی عظیم ہستی کا دنیا میں کوئی نعم البدل نہیں، فیصل راٹھور

سابق وزیراعظم کا سینئر صحافی سردار شوکت کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (خبر نگار) سابق وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر اور پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما فیصل ممتاز راٹھور نے سردار صغیر احمد صغیر، الیاس عالم اور دیگر سیاسی رفقاء کے ہمراہ سینئر صحافی، بیمز مین RIBJA اور چیف ایڈیٹر

احمد صغیر، الیاس عالم اور دیگر سیاسی رفقاء بھی فیصل ممتاز راٹھور کے ہمراہ تھے

اسلام آباد (خبر نگار) سابق وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر اور پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما فیصل ممتاز راٹھور نے سردار صغیر احمد صغیر، الیاس عالم اور دیگر سیاسی رفقاء کے ہمراہ سینئر صحافی، بیمز مین RIBJA اور چیف ایڈیٹر

ریاض ایئرپورٹ پر حملہ بہت افسوسناک ہے، امریکی صدر

سعودی اپنا دفاع کی اچھی صلاحیت رکھتے، ہم اس کا جائزہ لیں گے، صدر ٹرمپ

واشنگٹن (نامہ نگار) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ سعودی عرب میں ریاض ایئرپورٹ پر حملہ بہت افسوسناک ہے، سعودی اپنا دفاع کرنے کی اچھی صلاحیت رکھتے ہیں، بہرحال ہم اس کا جائزہ لیں گے، وہ ایک عہد سے بات کروں گا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ سعودی عرب میں ریاض ایئرپورٹ پر حملہ بہت افسوسناک ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

فلائی ایج ٹورز اینڈ ٹریولز بہتر نیشنل ٹورازم اور سہولت فراہم کریگا، عارف نورین

ممبر اسمبلی، سابق وزیر نورین عارف نے فلائی ایج ٹورز اینڈ ٹریولز آفس کا افتتاح کیا، مولانا زاہد اشرفی نے دعا کروائی

آزاد کشمیر، بالخصوص مظفر آباد کے عوام کو معیاری عمرہ پیکیجز اور دیگر سفری سہولتوں کی فراہمی ایک قابل تحسین اقدام ہے، سابق وزیر

صارفین کو شرح وریات اور بجٹ کے مطابق سفری پیکیجز کے انتخاب میں رہنمائی فراہم، آن لائن رابطے اور بکنگ کی سہولت بھی دستیاب ہوگی

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) ممبر قانون ساز اسمبلی آزاد جموں وکشمیر و سابق وزیر محترمہ نورین عارف نے مظفر آباد میں فلائی ایج ٹورز اینڈ ٹریولز (FlyEdge Tours and Travels) کے دفتر کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی، جبکہ ممتاز عالم دین اور رئیس جامعہ محمدیہ مظفر آباد مولانا زاہد اشرفی نے دعا

کراچی: ممبر قومی اسمبلی افتخار ریگو دگر کا گروپ فوٹو

فائلر و نان فائلرز ایشو؟ سب رجسٹرار کا میر پور کا رہنمائی کیلئے خط

چند روز قبل ٹیکسز کی وصولی اور لاگو قوانین کے حوالہ سے تنازعہ پیدا ہوا تھا

زمین کی خرید و فروخت کے کاروبار سے منسلک افراد میں ٹیکسز کے حوالہ سے بے چینی

میر پور (بیورو رپورٹ) فائلر و نان فائلرز ایشو سب رجسٹرار میر پور نے رہنمائی کیلئے خط لکھ دیا۔ میڈیا میر پور ایف بی آر کو ٹیکسز کی ادائیگی کرنیوالے سائلین کو آزاد کشمیر میں جائیداد کی خرید و فروخت پر ٹیکسز کی مد میں چھوٹ دی جا چکی

چناری میں موٹر سائیکل اور کار کا تصادم، دو نوجوان زخمی، مقدمہ درج

موٹر سائیکل کچلا سلائیڈ پر بلیاں بالا جانیوالی کار سے ٹکرا کر حادثہ کا شکار ہو گیا

دونوں زخمی نوجوان ابتدائی طبی امداد کے سی ایم ایچ مظفر آباد ریفر، تحقیقات شروع

بلیاں بالا (بیورو رپورٹ) بلیاں بالا سے چناری آنے والے موٹر سائیکل اور چناری سے بلیاں بالا جانے والے کار کچلا سلائیڈ میں آپس میں ٹکرا کر حادثہ کا شکار، دو نوجوان زخمی، تھانہ چناری نے مقدمہ درج کرتے گاڑی اور موٹر سائیکل ضبط کر لیے، تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز بلیاں بالا سے چناری آنے والا موٹر سائیکل بلیاں بالا جانے والی کچلا سلائیڈ میں چناری سے بلیاں بالا جانے والی کار سے ٹکرا کر حادثہ کا شکار ہو گیا جس کے نتیجہ میں حافظ رضاالدین اور محمد رشید زخمی ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

کرگا پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام، 12 دہشتگرد ہلاک

سیکورٹی فورسز نے پاک افغان سرحد کے قریب دراندازی کی کوشش کرنے والے خوارج کو مؤثر کارروائی کا نشانہ بنایا

جوانوں کی قربانیاں ملکی سرحدوں کے دفاع اور دہشتگردی خاتمے کے غیر متزلزل عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں، آئی ایس پی آر

افغان سرزمین دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکنے میں ناکامی پر تشویش، علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری

پی آر کے مطابق 10 اکتوبر 2026 کو ضلع کرم میں پاک افغان سرحد پر خوارج کے ایک گروہ کی جانب سے دراندازی کی کوشش کی گئی۔ سیکیورٹی فورسز نے پاک افغان سرحد کے قریب دراندازی کی کوشش کرنے والے خوارج کو مؤثر کارروائی کا نشانہ بنایا، افغان طالبان کی پسپائوں نے دراندازی کی کوشش کرنے والے خوارج کی مدد کیلئے بھی فائر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

گورنر راج یا ایمرجنسی مسائل کا حل نہیں ہمیں جمہوریت کا چراغ بجھنے والا ہے، حافظ نعیم

پیپلز پارٹی اور ن لیگ کی تاریخ گورنر راجوں اور مینڈیٹ تسلیم نہ کرنے کی تاریخ ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان

پی ڈی ایم جماعتوں نے رجیم چینج کے وقت سے جو تماشا شروع کیا ہے آج تک جمہوریت ڈھنگ کا سفر جاری ہے

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا فائدہ بڑی غلطی ہے، اس سے سیاسی بحران مزید گھمبیر ہوگا

لاہور: گرجا گھروں میں مسیحی عبادتی دعائیہ پروگرام، پولیس ہائی الرٹ

سپر وائزری افسروں کو گرجا گھروں، اہم مقامات کے سیکیورٹی چیک کرنے کی ہدایت

افسران اور اہلکار انتہائی الرٹ رہیں، شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں، آئی جی پنجاب

لاہور (بیورو رپورٹ) صوبہ بھر کے گرجا گھروں میں سیکی عبادتی اور دعائیہ پروگراموں کے پیش نظر پنجاب پولیس کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم کے آرڈر اور ڈی آئی جی اوز اور دیگر سینئر پولیس افسران کو گرجا گھروں کی سیکیورٹی مزید بہتر بنانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

خیبر پختونخوا کے حکومتی امور سے متعلق وفاقی حکمنامہ جاری، 11 رکنی مشاورتی کونسل قائم

آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ہنگامی حالت کے اعلان کے بعد انتظامی امور کے لیے بنیاد طریقہ کار وضع کیا گیا

طارق محمود پاشا، ڈاکٹر سید عامر عطاء اللہ، لفٹیننٹ جنرل (ر) نگار جوہر شہریار خان، بلوڑا گروپ فراز ارکلی شاہ عامر جاوید و دیگر کونسل میں شامل

حکمنامہ 11 اکتوبر 2026 کو جاری کیے گئے آئینی اعلان کی روشنی میں جاری کیا گیا، جس کے تحت صوبے میں آئین کے آرٹیکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

خیبر پختونخوا ایڈوائزری کونسل کا پہلا اجلاس، دہشت گردی کے خاتمے کا عزم

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی سربراہی میں 11 رکنی ایڈوائزری کونسل کا پہلا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں صوبے کو درپیش چیلنجز، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)


وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


اسلام آباد: وزیر داخلہ محسن نقوی، اٹارنی جنرل عطاء اللہ تارڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں


وزیر فنانس پلاننگ و اسٹاک آزاد کشمیر سردار میر اکبر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر اسمبلی محمد رشک قسمر ملاقات کر رہی ہیں


وزیر فنانس پلاننگ و اسٹاک آزاد کشمیر سردار میر اکبر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


راولپنڈی: سابق وزیراعظم فیصل ممتاز راٹھور سردار شوکت محمود کی والدہ کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں


میر پور: آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر چوہدری فاروق فاروق کی سینئر صحافی سردار شوکت محمود خان کی رہائش گاہ پر تشریف آوری کے موقع پر ان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر تعزیت کی اور اہل خانہ سے دلی افسوس و ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر راجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)


لاہور: کانفرنس میں شریک مہمانوں کا گروپ فوٹو


لاہور: پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کے زیر اہتمام عالمی یوم ذہنی صحت کے حوالے سے تقریب میں شریک خواتین کا گروپ فوٹو


کراچی: ممبر قومی اسمبلی افتخار ریگو دگر کا گروپ فوٹو


بھارت کے مختلف شہروں میں چیف الیکشن کمشنر کے خلاف احتجاج کرنے والے کانگرس کارکنوں اور حامیوں کو گرفتار کیا جا رہا ہے


بھارت کے مختلف شہروں میں چیف الیکشن کمشنر کے خلاف احتجاج کرنے والے کانگرس کارکنوں اور حامیوں کو گرفتار کیا جا رہا ہے

پشین: سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، اسلحہ گولہ بارود سے بھری گاڑی پکڑلی

پشین (صباح نیوز) سیکیورٹی فورسز اور ایف سی بلوچستان نے آپریشن ردالفساد 3 کے تحت مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے افغانستان سے اسلحہ کی سمگلنگ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

لاہور (نیوز ایکسچینج) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کی مخالفت کرتے ہیں یہ مسائل کا حل نہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج و ایمرجنسی کے نفاذ کے فیصلے پر ایکس پر بیان دیتے ہوئے کہا کہ جب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

وطن اور وطن سے دور بسنے والوں کی حقیقی اور موثر آواز
Email:watanvoicedigital@gmail.com Cell:+923175526830
روزنامہ
Daily WATAN VOICE Digital
وطن وائس
چیف ایڈیٹر: چوہدری معروف حسین
پیر 12 اکتوبر 2026

خیبر پختونخوا حکومت سے توقعات

تحریر
ظہیر الدین

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کا لانگ مارچ پانچویں روز میں داخل ہوگیا ہے، قافلہ گزشتہ شب وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے آبائی ضلع خیبر پہنچا جہاں سے وہ پشاور کی طرف روانہ ہوگا۔ وفاقی حکومت نے مارچ منتوی کرنے کے لئے پی ٹی آئی کے ساتھ دو اور تین اکتوبر کو مذاکرات کے دو ادوار کیے تاہم فریقین کے مابین اتفاق رائے نہ ہو سکا جس پر پی ٹی آئی نے عمران خان کی رہائی سمیت متعدد دیگر مطالبات کے حق میں چار اکتوبر کو لانگ مارچ کی مروت سے لانگ مارچ شروع کر دیا۔ لانگ مروت سے قافلہ کرک، کوہاٹ اور پھر ہنگو سے ہوتا ہوا خیبر پہنچا جہاں ڈی ٹورو ڈپر پڑاؤ ڈالا گیا۔ ابتدائی منصوبے کے مطابق قافلے نے کوہاٹ سے براہِ راست پشاور جانا تھا اور رات منتی کے قریب گزارنا تھی تاہم منگل کو مارچ کا روٹ تبدیل کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے خیبر میں لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب میں کہا کہ مسلط ذہنیت اُن سے کے پی میں ایک اور آپریشن کرانا چاہتی تھی لیکن جب تک وہ اور وزیر اعلیٰ میں خیبر پختونخوا میں فوجی آپریشن نہیں ہونے دیں گے اور عوام مخالف ہر پالیسی کے مزاحمت کریں گے، حکومت کے ساتھ مذاکرات سیاسی نوعیت کے تھے مسلط ذہنیت ایک اور فوجی آپریشن پر دستخط کرانا چاہتی تھی لیکن وہ کبھی ایسی کسی پالیسی کا حصہ نہیں بنیں گے۔ اُن کا کہنا تھا کہ لانگ مارچ صوابی تک جائے گا اور پھر واپس وہ آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ دریں اثناء، اُنہوں نے صوبائی کابینہ کے اجلاس سے بھی خطاب کیا جس میں اُن کا کہنا تھا کہ گورنر کا چیف سیکرٹری اور آئی جی کو طلب کرنا اور ان کے ساتھ مشاورت کرنا آئین اور جمہوریت پر حملہ ہے، دوتہائی اکثریت کی حامل صوبائی حکومت کی موجودگی میں اس طرح کا اجلاس کسی صورت قابل قبول نہیں، وزیر اعلیٰ کو بنانے کا آئینی طریقہ عدم اعتماد کی صورت آئین میں موجود ہے، کسی کو جمہوریت پر شب خون مارنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

صوبائی حکومت پر اس وقت یہ الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف ریاست کی بقاء کی جنگ میں اُس کے ساتھ نہیں کھڑی، شدت سے الزام لگایا جا رہا ہے کہ اُس کا بیانیہ وہی ہے جو کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) یعنی "فتنہ الخوارج" کا رہا ہے۔ یہ تاثر عام ہو رہا ہے کہ صوبائی حکومت کا موقف اُس بیانیے کا عکاس ہے، جس کے تحت ماضی میں دہشت گردی کے خلاف جنگ کو "ڈالر کے لیے مسلط کی گئی جنگ" قرار دیا جاتا رہا اور یہ کہا جاتا رہا کہ "یہ ہماری اپنی جنگ نہیں ہے"۔ اِسی سوچ کے تحت نہ صرف فوجی کارروائی کی مخالفت کی جاتی ہے بلکہ ٹی ٹی پی اور اُن کے سہولت کاروں بالخصوص افغان طالبان حکومت کی طرف سے کیے جانے والے خونریز حملوں کی کھل کر مذمت نہیں کی جاتی۔ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے واقعات میں تشویشناک اور ہولناک اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ رواں سال کے ابتدائی نو ماہ کے دوران 1,018 بڑے دہشت گرد حملے ہو چکے ہیں۔ اِن کا سب سے بڑا ہدف ریاست کی پہلی دفاعی لائن یعنی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے رہے ہیں جنہیں دوتہائی حملوں میں نشانہ بنایا گیا۔ اِن سفاکانہ کارروائیوں میں 959,1 سے زائد افراد شہید ہو چکے ہیں اور ان میں بڑی تعداد پولیس افسروں، جوانوں اور عام شہریوں کی ہے۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ دہشت گردی کی اس لہر کے مقابلے کے لئے صوبائی پولیس فورس کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے بجائے انسپکٹر جنرل بار ہا اِس بات کا گلہ کر چکے ہیں کہ پولیس میں نو ہزار سے زائد آسامیاں خالی پڑی ہیں جبکہ چیلا یا مٹی کے بنے ہوئے بکتر اور پولیس چیک پوسٹیں جدید ترین اسلحے سے لیس دہشت گردوں اور خودکش حملوں کا سامنا کرنے پر مجبور ہیں۔ اِن عارضی اور بوسیدہ پوسٹوں کو پختہ اور محفوظ بنانے کے لئے پولیس کو 42 ارب روپے درکار تھے لیکن طویل التواؤ اور مدت سماجت کے بعد قسطوں میں صرف 2.1 ارب روپے جاری کیے گئے۔ اِس ابتر صورتحال کے باعث پولیس فورس دہشت گردوں کے سامنے بے یار و مددگار دکھائی دیتی ہے۔ ناقدین کے نزدیک یہ محض انتظامی سستی نہیں بلکہ ایک دانستہ سنگین غلطی ہے۔

پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت پر یہ تنقید بڑھ رہی ہے کہ وہ اِس قومی جنگ میں ریاست کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے میں ناکام رہی ہے۔ وفاقی حکام اور ریاستی اداروں کا پیغام واضح ہے کہ مزید پاکستانیوں کا خون بہانے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور دہشت گردی کےخلاف زیرو ٹالرینس کی پالیسی اپنائی جائے گی۔ صورتحال کا تقاضا ہے کہ صوبائی حکومت سرکیں ناپنے اور اسلام آباد پر مبینہ طور پر چڑھائی کرنے کے بجائے سنگین الزامات کا ٹھوس اور منطقی جواب دے۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی بطور انتظامی سربراہ اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داریاں پوری کریں۔ صوبائی حکومت آئین میں درج گورنر راج یا اِبہز جنسی کے خطرے کو سیاسی کارڈ کے طور پر استعمال کرتے ہوئے لوگوں کو سڑکوں پر لانے کی کوشش کر رہی ہے، اِس کا براہ راست نتیجہ نہ صرف صوبے میں اَمن اور امان کی مزید خرابی بلکہ دہشت گردی کےخلاف جاری قومی جدوجہد کو نقصان پہنچنے کی صورت نکل سکتا ہے۔


صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ احتجاج کی سیاست کو موثر کر کے اپنے صوبے کے اَمن وامان پولیس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پشتیبانی اور دہشت گردی کے خاتمے کو پہلی ترجیح بنائے۔ سہیل آفریدی اور پی ٹی آئی کے درمیان دوبارہ مذاکرات کے اشارے مل رہے ہیں، مولانا فضل الرحمان سے بھی ملاقات کر چکے ہیں۔ اللہ کرے کہ ہمارے قومی اور صوبائی رہنما نکتہ اَفترینی کے بجائے حالات کو سنبھالنے کی بھرپور کوشش کریں کہ کسی کی اَنا کو بھی قومی مفادات سے بڑا نہیں ہونا چاہئے۔

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafiseehraee5586@gmail.com

ایک ارب‌داد و دہش گزرا ہے جب انسان معمولی بخار کو بھی موت کا پیغام سمجھتا تھا۔ ایک معمولی انفیکشن جو پنسلین کی ایک ٹیوب سے لیتا تھا، دہائیوں شہر کے شہر اجاڑ دیتیں اور علاج بیماری انسان کا نہیں بلکہ اس کی اپنی تصویر بنا دیتی جس کے سامنے عطیہ دولت اور طاقت سب بے معنی دکھائی دیتے۔

تب انسان نے یہ سوال اٹھایا کہ کیا بے بسی کی موت مرنا مقدر ہے اور بیماری کو تقدیر سمجھ کر مریض کا انتظار کر لینا درست ہے یا بیماری کو علاج کی تلاش میں نکلنا۔ اسی سوال کے ساتھ اس نے تحقیق اور تجربے کی راہ اختیار کی۔ اسی سوال کے ساتھ اس نے تحقیق سمجھنے کی کوشش شروع کی۔ یہی منتجب کے ترقی کا پہلا سنگ بنی۔ دیکھتے دیکھتے ایٹی بائیوٹک، ویکسین، ریفائنڈ ہوئیں، ایٹی بائیوٹک دیوجو میں آئیں، پھیلنے والے ٹیکے ممکن ہوئے اور تشخیص کے ایسے ذرائع سامنے آئے جنہوں نے انسانی زندگی کو پہلے سے کہیں زیادہ محفوظ بنا دیا۔

لیکن انسانی سفر ابھی ختم نہیں ہوا۔ ساتھ آج ایک ایسے مقام پر کھڑی ہے جہاں صحتِ مند ذہانت، جینیاتی تحقیق، ٹیکہ ڈیٹا اور بہت بڑی مل کر ٹب کی دنیا میں ایک نئے انقلاب کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ یہ انقلاب صرف نئی مشینوں یا جدید آلات کا نہیں بلکہ بیماری کو سمجھنے اس کی


خالد رشاد صوفی

ایک خاتون نے پانچ برس کی محنت کے بعد بچوں کے لیے لکھا گیا اپنا پہلا ناول 1995ء میں مکمل کیا۔ مسودہ لے کر وہ ایک ایجنٹ کے پاس گئی۔ مسودہ اندر سے واپس آیا۔ دوسرے دروازے پر دستک دی تو وہاں مسودہ قبول کیا لیکن اصل اشاعت ابھی باقی تھا۔ اب کسی ناشر کو قائل کرنا کہ وہ اس کتاب پر اپنا سرمایہ لگائے۔ ایک کے بعد دوسرے ناشر نے اسے مسترد کر دیا۔ مجھے گزرتے گئے اور وہ بھرائی جسے لکھنے میں زندگی کے پانچ برس صرف ہوئے تھے، چھپنے کے لیے بےقرار ہوتی گئی۔

اس خاتون کا نام ہے جے کے رولنگ اور اس کی پہلی کتاب کا نام ہے Harry Potter and the Philosopher's Stone۔

اس مسودے کی کہانی پانچ برس پہلے ایک ٹرین میں شروع ہوئی تھی۔ 1990ء میں رولنگ مانچسٹر سے لندن جا رہی تھیں۔ ٹرین تاخیر کا شکار ہوئی تو سفر کے دوران ان کے ذہن میں ایک ایسے لڑکے کا تصور ابھرنے لگا جو خود معمولہ نہیں کہ وہ جادو کرے۔ اس وقت ان کے پاس قلم تک نہیں تھا، وہ لکھتے لکھتے ذہن ہی ذہن میں اس کردار کی دنیا بنانے لگیں۔ گھر پہنچ کر انہوں نے کاغذ پر مختصل کرنا شروع کر دیا۔

وہ اپنی بیٹی کو سلانے میں لگ جاتیں۔ جب بچی سو جاتی تو کسی کیفے میں بیٹھ کر لکھنے لگتیں۔ زندگی انہیں پورا دن لکھنے کے لیے نہیں دیتی تھی، اس لیے جو وقت ملتا اسی کو استعمال کیا جاتا۔ یہ روزمرہ زندگی کے اخراجات تھے، بچی کی ذمہ داری تھی اور منگیتل کے بارے میں یہ کتنی تھی لیکن Harry Potter کا مسودہ ان کے ساتھ تھ

1

بیان میں کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے خوابوں میں جی رہے ہیں، دہشتگردی اور اداروں کے شہداء کے خون سے کھیلنے والوں کو کسی صورت برداشت نہیں کریں گے، عوام اپنے سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، پولیس، افواج پاکستان اور گورنر راج کا نفاذ ہوتے ہی وزیرِ اعلیٰ سہیل آفریدی، انسپکٹر جنرل پولیس ذوالفقار حمید کی گرفتاری کا اعلان کیا، پاکستان کے لیے کسی وزیرِ اعلیٰ یا کسی کابینہ رکن کا اس طرح کا اقدام ناقابلِ قبول ہے، جو لوگ اس کی حمایت کر رہے ہیں وہ بھی برابر کے ذمہ دار ہیں، ہم ان کا بھی احتساب کریں گے، پاکستان کے لیے کسی بھی قسم کی دہشتگردی ناقابلِ قبول ہے، ہم کسی بھی قسم کی دہشتگردی کو برداشت نہیں کریں گے، ہم دہشتگردی کے خلاف ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں، ہم نے ماضی میں بھی یہی کہا تھا کہ ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ اور خیبر پختونخوا کے عوام کے تحفظ کے لیے

روزنامہ وطن وائس
Daily WATAN VOICE Digital
Email:watanvoicedigital@gmail.com Cell: +92311 5526830
ویب ایڈیٹر: چیئرمین سید رشید حسین بخاری
روزنامہ وطن وائس اوورسیز ٹیم
امیر محمد خان — ریڈیو فیچر ایڈیٹر
الیاس رحیم — ریڈیو فیچر ایڈیٹر، سعودی عرب
ایم ایم عالم — ریڈیو فیچر ایڈیٹر، برطانیہ
نواز مجید — ریڈیو فیچر ایڈیٹر، یورپ
Pakistan Journalists Forum-KSA

میمن ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام 14 ویں سالانہ تعلیمی ایوارڈ کی پُروقار تقریب

پاکستانی قونصلیٹ ماسا کے مشہد فلاحی کاموں میں شاندہ بشانہ ہے کمیونٹی خدمات ہر پاکستانی کے لیے باعث فخر ہیں، سید مصطفیٰ رضانی

ماسا کے صدر وسیم عبدالرزاق طائی نے کامیاب طلبہ اور والدین کو مبارکباد دی، معلمین، اور لیڈ ورنگ کی خدمات کو سراہا

تقریب کے مہمان خصوصی قونصل جنرل پاکستان جدہ سید مصطفیٰ رضانی تھے، قونصل جنرل نے اپنی تقریر میں ماسا کی خدمات انسانی کے کاموں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور کمیونٹی کی تعمیر نو اور ترقی میں ایسے ادارے کا کردار ناقابل فراموش ہے، انہوں نے کہا کہ وہ یہ دیکھ کے بہت خوش ہوئے کہ ماسا کے زیر اہتمام یہ تقریب میں طلبہ و طالبات کی تعداد ہر سال بڑھ رہی ہے، یہ ہر پاکستانی کی خدمات کا نتیجہ ہے، قونصل جنرل نے اپنی تقریر میں ماسا کی خدمات کو سراہا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



غزہ اسرائیلی فوج کے تازہ فضائی حملے 4 گھرانے تباہ، درجنوں عمارتوں کو نقصان

فلسطینیوں کو تا حال امن نصیب نہ ہو سکا، لاکھوں فلسطینی خیموں اور عارضی پناہ گاہوں میں زندگی گزارنے پر مجبور

پناہ گاہوں کو فون کے ذریعے انخلا کے احکامات موصول، جنگ بندی کے باوجود انہیں امن نصیب نہیں ہوا


غزہ (آئی این پی) اسرائیلی فوج نے شمالی اور وسطی غزہ میں فلسطینیوں کے چار مکانات کو فضائی حملوں میں نشانہ بنا کر دیا، جس سے درجنوں قریبی عمارتوں کو بھی نقصان پہنچا، ترک خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی ٹینکی طیاروں نے غزہ شہر میں تین علاقوں پر گولہ باری کی، اسرائیلی فوج نے بتایا کہ طیاروں نے شہر کے شرقی حصے میں شجاعیہ اور جنوبی حصے میں خزاعہ کے علاقوں پر بمباری کی، فلسطینی شہریوں نے بتایا کہ رہائشی علاقوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، شہریوں کو فون کے ذریعے انخلا کے احکامات موصول ہوئے، جس سے خوف و ہراس پھیل گیا اور درجنوں خاندانوں کو فوری طور پر اپنے گھر چھوڑنا پڑے، اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا کہ وہ یہ کارروائی حماس کے زیر استعمال انفراسٹرکچر کو نشانہ بنانے کے لیے کر رہی ہے، تاہم فلسطینی حکام کا کہنا ہے کہ ان حملوں میں بڑی تعداد میں عام شہری متاثر ہوئے ہیں، جن میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں، حملوں کے بعد علاقے میں ایمبولینسز کی بھاگ دوڑ دیکھی گئی، ہسپتالوں میں زخمیوں کی بڑی تعداد پہنچنے کی اطلاعات ہیں، غزہ کی وزارت صحت کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں 18 فلسطینی شہید اور 52 زخمی ہوئے ہیں، جن میں بڑی تعداد خواتین اور بچوں کی ہے، اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ وہ شہری آبادی کو نقصان پہنچانے سے گریز کر رہی ہے، تاہم زمینی حقائق اس دعوے کی نفی کرتے دکھائی دیتے ہیں، اقوام متحدہ کے ادارہ برائے انسانی امور (او سی ایچ اے) نے خبردار کیا ہے کہ غزہ میں انسانی بحران مزید سنگین ہو رہا ہے، ادارے کے مطابق بڑی تعداد میں خاندان بے گھر ہو چکے ہیں اور بنیادی سہولیات تقریباً ناپید ہو چکی ہیں، ادارے نے عالمی برادری سے فوری جنگ بندی اور امداد کی بلا رکاوٹ فراہمی کا مطالبہ کیا ہے، دوسری جانب اسرائیلی حکام کا کہنا ہے کہ وہ حماس کے عسکری ڈھانچے کو ختم کرنے تک کارروائی جاری رکھیں گے، تاہم اس بیان پر بین الاقوامی سطح پر شدید تنقید کی جا رہی ہے، مبصرین کا کہنا ہے کہ اس طرح کے بیانات سے خطے میں کشیدگی مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، اقوام متحدہ نے تمام فریقوں سے فوری جنگ بندی پر زور دیا ہے۔



فلوریڈا میں سمندری طوفان سے تباہی، 2 افراد ہلاک

8 لاکھ صارفین بجلی سے محروم، تمام سڑکیں اگلے حکم تک بند کر دی گئیں


فلوریڈا (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ریاست فلوریڈا کے ساحل سے سمندری طوفان المیساس ٹکرانے کے بعد 2 افراد ہلاک، جبکہ فلوریڈا، الاباما اور جارجیا میں 8 لاکھ صارفین بجلی سے محروم ہو گئے۔ حکام کے مطابق ساحل سے ٹکرانے کے بعد طوفان کی شدت میں تیزی سے کمی آئی اور یہ بعد ازاں اتوار کی چڑ میں تبدیل ہو گیا، فلوریڈا اور الاباما میں درخت گرنے کے واقعات کے باعث لاکھوں مکانوں، گھروں اور کاروباری مراکز کی بجلی منقطع ہو گئی، جبکہ تیز ہواؤں، طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال کے باعث سڑکیں بند کر دی گئی ہیں، ریاستی حکام نے عوام کو ہدایت کی ہے کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، ہنگامی امداد اور بحالی کے کام جاری ہیں، متاثرہ علاقوں میں ریسکیو ٹیمیں سرگرم ہیں، طوفان کے پیش نظر ہزاروں افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے، حکام کا کہنا ہے کہ طوفان کے اثرات کئی روز تک برقرار رہ سکتے ہیں، اس لیے عوام کو محتاط رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔



سعودی عرب پر حملے فوری بند کیے جائیں، امریکی وزیر خارجہ

قابل مذمت حملے معصوم شہریوں کی زندگیوں کو لگاتار بے امتناعی طور پر خطرے میں ڈال رہے ہیں، مارکو روبیو

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے سعودی عرب پر حالیہ حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان حملوں میں ایک امریکی شہری بھی ہلاک ہوا ہے، بدھ کے روز خبر رساں ادارے کے مطابق مارکو روبیو نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں سعودی عرب پر ہونے والے حملوں کو قابل مذمت قرار دیا، امریکی وزیر خارجہ نے کہا کہ یہ حملے معصوم شہریوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



برطانیہ: وائلڈ لائف پارک میں شیر کا حملہ، ایک شخص ہلاک

برطانیہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وائلڈ لائف پارک میں شیر کا حملہ، ایک شخص ہلاک، برطانیہ کے وائلڈ لائف پارک میں شیر کے حملے میں ایک شخص ہلاک ہو گیا، برطانوی میڈیا کے مطابق یہ واقعہ برطانیہ کے علاقے ڈوکاسٹر کے قریب وائلڈ لائف پارک میں پیش آیا، جہاں شیر کے حملے سے ایک شخص زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھا، برطانوی میڈیا میں یہ واقعہ بڑی خبر بنا ہوا ہے، برطانوی میڈیا کے مطابق یہ واقعہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

میکسیکو کی جیل میں قیدیوں کے درمیان جھڑپ

میکسیکو (مانیٹرنگ ڈیسک) میکسیکو کی شمال مغربی ریاست سیناآ لوا کی ایل ہائسلا جیل میں قیدیوں کے درمیان جھڑپ کے نتیجے میں 9 قیدی جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے، جیل میں ہونے والی اس جھڑپ کے نتیجے میں مرنے والوں کی تعداد 9 ہو گئی ہے، جبکہ متعدد قیدی زخمی ہوئے، جیل حکام کے مطابق جھڑپ کا آغاز جمعرات کی صبح ہوا، جس کے بعد جیل میں موجود تمام قیدیوں کو ان کے سیلز میں منتقل کر دیا گیا، جیل حکام کے مطابق جھڑپ